رول نمبر امیدوار: ____________

پرچہ II — اُردو (لازمی) (پہلا گروپ) (IV) - 222 (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم)

مارکس: 15 — Code: 7027 ...... معروضی — وقت: 20 منٹ

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1 - 1 - درست تلفظ کا انتخاب کیجئے۔
(A) مُنتَظِرْ (B) مَنتَظِرْ (C) مُنتَظُرْ (D) مَنتَظَرْ

2 - " تم کھاؤ " گرائمر کی رُو سے ______ ہے۔
(A) فعل ماضی (B) فعل مضارع (C) فعل لازم (D) فعل اَمر

3 - اسم علم کی ______ اقسام ہیں۔
(A) تین (B) آٹھ (C) چھے (D) پانچ

4 - کسان کھیت سے رُخ پھیر کر ______ جاتا ہے۔
(A) گھر میں (B) ویرانے میں (C) منڈیر کی طرف (D) گاؤں میں

5 - " نازک تھے کہیں رنگِ گل و بُوئے سمن سے " میں رنگ و بُو سے مراد ______ ہیں۔
(A) آداب (B) جذبات (C) تصورات (D) خیالات

6 - اپنے گاؤں کو چھوڑ کر چغل خور ______ پہنچا۔
(A) دوسرے گاؤں (B) بڑے قصبے (C) دوسرے شہر (D) دبئی

7 - غزل کے آخر میں شاعر کا تخلص نہ ہو تو وہ شعر ______ کہلاتا ہے۔
(A) آخری شعر (B) مقطع (C) مطلع (D) عام شعر

8 - مرزا غالب پنشن کا بڑا حصہ ______ صرف کر دیتے تھے۔
(A) جائیداد خریدنے پر (B) خیرات کرنے میں (C) کتابوں پر (D) کھانے پینے پر

9 - مرکب کی ______ اقسام ہیں۔
(A) چھے (B) تین (C) دو (D) چار

10 - آخری عمر میں ______ کی وجہ سے علاّمہ محمد اقبالؒ کا کھانا پینا کم ہو گیا تھا۔
(A) بڑھاپے (B) دمے (C) گلے کی خرابی (D) معدے کی خرابی

11 - مسلم لیگ ______ نے قائم کی۔
(A) سرسید احمد خاں (B) نواب محسن الملک (C) قائدِ اعظمؒ (D) نواب وقار الملک

12 - سلطان محمد فاتح گھوڑے سے اُتر کر ______ میں داخل ہوا۔
(A) مسجد (B) کلیسا (C) محل (D) غار

13 - مرزا غالب کو تفتہ کا خط ______ سے آتا تھا۔
(A) کلکتہ (B) سکندر آباد (C) کول (D) آگرہ

14 - احمد مرزا کی خِلقت میں داخل ہے کہ دو منٹ ______ نہیں بیٹھتا۔
(A) نچلا (B) خاموش (C) پُرسکون (D) آرام سے

15 - درست تلفظ کا انتخاب کیجئے۔
(A) حَاجْتْ (B) حَاجُتْ (C) حَاجَتْ (D) حَاجِتْ